5392 ـ انشورنس كراتے وقت گاڑى كى حقيقى قيمت چھپانا

سوال

ميں ايسے ملك ميں بستا ہوں جہاں گاڑى چلانے والے پر انشورنس كرانى لازم ہے، تو كيا ميرے ليے گاڑى كى اصلى قيمت كے علاوہ كم قيمت لكھنا جائز ہے، تا كہ مجھ سے جبرا لى جانے والى انشورنس كى رقم ميں كمى ہو سكے ؟

پسنديده جواب

الحمد لله.

فضيلۃ الشيخ علامہ محمد صالح عثيمين رحمہ اللہ تعالى كے ساتھ مناقشہ اور بحث كے بعد ہم نے مندرجہ ذيل كلام نكالى:

سوال كا مفہوم يہ ہے كہ انشورنس گاڑى كى قيمت كے مطابق ہوتى ہے، يعنى انشورنس كے معاہدے كے وقت جو قيمت ہو، جو كچھ يہ شخص كر رہا ہے وہ جھوٹ كى ايك قسم ہے، ليكن يہ ظلم جو حرام انشورنس كى شكل ميں ہے اس سے چھٹكارا حاصل كرنے كے ليے ہے، لہذا اگر تو اس ميں اسے كوئى ضرر اور نقصان نہيں اور نہ ہى مسلمانوں كى شہرت كو نقصان ہے تو پھر مجبورا ايسا كرنے ميں كوئى حرج نہيں.

واللہ اعلم .